نکالا جائے، میں مسلم قومیت کے اس حصار میں نہیں رہ سکتا۔ اس بچارے کو عدم احترامِ رمضان کی بنا پر کلاس کے طلبہ نے پیٹ ڈالا۔ (اس واقعہ کو نوائے وقت میگزین ۱۳ مارچ میں بیان کیا گیا ہے)۔ اشتراکیوں کا سُرخ خدا آہستہ آہستہ مر رہا ہے۔

رُوس کے مسلمانوں کی مظلومی کی داستان کو آپ پیشِ نظر کتاب میں پڑھیے اور پھیلائیے۔

---

**پاکستان اور جماعتِ اسلامی** از احمد رائف ۔ ناشر: المیزان پبلشرز۔ ۲۳۴ المعصوم ٹاؤن فیصل آباد۔ قیمت: ۲۱/- روپے

اچھے معیارِ کتابت وطباعت اور رنگین سرورق کے ساتھ یہ کتاب نظریۂ پاکستان، جماعتِ اسلامی کی خدمات پاکستان اور تحریکِ پاکستان کے لیے، نفاذِ اسلام کے لیے جماعت اسلامی کی جدوجہد جیسے موضوعات پر اچھا موادِ مطالعہ پیش کرتی ہے۔ اس میں تاریخ بھی آگئی ہے اور پاکستان اور اسلام کے لیے دعوت بھی۔

---

**محمدی جنتری ۱۹۸۷ء** از علامہ نصیر حسن فاضل عراق و سید اعجاز حسین کاظمی۔ ناشر: شعبہ نشرواشاعت دارالعلوم محمدیہ، بلاک نمبر ۱۹، سرگودھا ۔ قیمت: ۸/- روپے

جنتریوں کی روایت کے مطابق مختلف سنین کی تاریخیں، طلوع وغروبِ آفتاب، سعد ونحس دن کی وضاحت، تمام ضروری مواقع کی دعائیں، تعویذ، بزرگوں کے اقوال، خوابوں کی تعبیریں، وظائف تسبیحات وغیرہ جمع ہیں۔

سمجھ میں نہیں آیا کہ عام استعمال کی چیز کو خالص شیعہ رنگ میں رنگ دینا اور صرف شیعہ اماموں اور بزرگوں اور شیعہ روایات اور احکام ہی کے لیے جنتری کو خاص کرنا کیا ضروری تھا۔ تبلیغ اپنی جگہ ہوتی ہے۔

---